پرنسپل پی جی ایم آئی کا لاہور جنرل ہسپتال کو انفیکشن فری بنانے کا اعلان

سی ایس ایس ڈی کے شعبے کو ہسپتال میں دل کی طرح مرکزی حیثیت حاصل ہوتی ہے: پروفیسر الفرید ظفر

ماحول صاف ہو تو سرجن کی محنت ضائع نہیں جاتی اور آپریشن کے بعد مریض جلد گھر جا سکتا ہے

طبی آلات، مشینری و دیگر اشیاء کی صفائی اور اُنہیں جراثیم پاک کرنا انتہائی ضروری امر ہے: مقررین

ہیلتھ کیئر کمیشن کے حکام، شوکت خانم سمیت دیگر طبی ماہرین کا ایل جی ایچ میں پہلی دو روزہ پیشنٹس سیفٹی وفرینڈلی ورکشاپ میں اظہار خیال

لاہور 11 دسمبر: ......جنرل ہسپتال میں پہلی دو روزہ سی ایس ایس ڈی پیشنٹس سیفٹی وفرینڈلی ورکشاپ کا انعقاد ہوا جس کے پیٹرن ان چیف پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر تھے جبکہ چیف آپریٹنگ آفیسر پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن مشتاق سلہریا، شوکت خانم ونجی ہسپتال کے طبی ماہرین سمیت ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکس نے اس ورکشاپ میں شرکت کی۔ سی ایس ایس ڈی ایل جی ایچ کی ڈائریکٹر ڈاکٹر لیلہ شفیق، ایم ایس ڈاکٹر محمود صلاح الدین، ڈاکٹر عرفان ملک، ایم ایس ڈی ایس کی انچارج سسٹر نازنین و دیگر مقررین نے طبی آلات، میڈیکل مشینری اور دیگر اشیاء کی صفائی اور انہیں جراثیم سے پاک رکھنے کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔

پرنسپل پروفیسر سردار محمد الفرید ظفر نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سی ایس ایس ڈی کے شعبے کو کسی بھی ہسپتال میں دل کی طرح مرکزی حیثیت حاصل ہوتی ہے۔ انفیکشن کنٹرول اور صفائی ستھرائی طبی اداروں کا لازمی جزو ہے جس پر کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا ہے۔ ہسپتال کا ماحول صاف ہو تو سرجن کی محنت ضائع نہیں جاتی اور آپریشن کے بعد مریض جلد گھر جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس شعبے میں کام کرنے والے ملازمین کو زیادہ تندہی اور ذمہ داری کے ساتھ اپنے فرائض انجام دینے چاہئیں اور ڈیوٹی پر مامور عملے کو عالمی حفاظتی اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے کام کرنا چاہیے۔ پروفیسر محمد الفرید ظفر نے اس امر پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جنرل ہسپتال نے ہیلتھ کیئر کمیشن کے اصولوں پر پورا اترتے ہوئے سرٹیفکیٹ حاصل کیا۔ انہوں نے کہا کہ سی ایس ایس ڈی کے شعبے میں مکمل طور پر فنکشنل ہونے کے لئے طبی آلات، میڈیکل کٹ اور شیٹ کو صاف ستھرا رکھنا بنیادی امر ہے جس پر بھرپور توجہ مرکوز کی جانی چاہئے۔ انہوں نے کسی بھی ہسپتال میں انفیکشن کنٹرول مریضوں کی جلد صحت یابی میں نمایاں کردار ادا کرتا ہے اور یہ ٹیکنیکل ورکشاپ اس ضمن میں انتہائی معاون ثابت ہوگی۔

یہ امر قابل ذکر ہے کہ ایل جی ایچ میں منعقدہ اس پہلی سی ایس ایس ڈی اینڈ پیشنٹس سیفٹی فرینڈلی ورکشاپ میں شوکت خانم، حمید لطیف ہسپتال سمیت پروفیسر صاحبان نے اظہار خیال کیا۔ مسز ثریا، پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل ظفر عباس لک، ڈاکٹر آمنہ آصف، ثمینہ پروین، ڈاکٹر رانا شفیق، ڈاکٹر رابعہ سجاد اصغر، ڈاکٹر ریاض حفیظ اور دیگر طبی ماہرین نے صفائی ستھرائی کے بنیادی اصولوں پر روشنی ڈالی۔

صحافیوں سے گفتگو میں پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید نے کہا کہ اس قسم کی ٹیکنیکل ورکشاپ کا انعقاد وقت کی اہم ضرورت ہے۔ لاہور جنرل ہسپتال کو انفیکشن فری ہسپتال بنانے کیلئے تمام تر توانائیاں بروکار لائی جائیں گی۔ صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد 12 دسمبر بروز جمعرات اس ورکشاپ کے اختتامی سیشن کی مہمان خصوصی ہوں گی جبکہ لاہور جنرل ہسپتال میں ہونے والی اس دو روزہ ورکشاپ کا انعقاد عالمی ادارہ صحت کے تعاون سے کیا گیا تھا۔